۲۔۔۔فی نفسہ گاڑی چلانا عورت کیلئے مباح ہے لیکن چونکہ اس ضمن میں عورت کا گھر سے باہر نکلنا بھی لازم ہے اسلئے عورت کیلئے گاڑی چلانے کی اجازت دَرج ذیل شرائط پر موقوف ہے:

الف۔۔۔گھر سے باہر نکلتے وقت عورت ان باتوں کا خیال رکھے کہ:

۱۔سارا جسم برقع یا بڑی چادر کے ذریعہ چھپا ہوا ہو۔

۲۔لباس چست نہ ہو۔

۳۔نامحرموں سے ہنسی مذاق اور حیاء کے خلاف گفتگو نہ کی جائے۔

۴۔اس بات کا پورا اہتمام کیا جائے کہ کسی نامحرم کے ساتھ خلوت نہ ہو۔

۵۔بناؤ سنگھار اور تیز خوشبو لگا کر جانے سے بچے۔

۶۔ایسا زیور پہن کر نہ جائے جو آواز پیدا کرے۔

۷۔شوہر یا ولی کی اجازت ہو۔

۸۔اپنی آنکھوں اور اپنے دل کی حفاظت کرے۔

(ماخذہٗ احکام القران:۳/۳۱۹)

ب۔۔۔جن ضرورتوں کو پورا کرنے کیلئے عورت کو گھر سے باہر نکلنے کی شرعاً اجازت ہے، گاڑی چلانے کیلئے نکلنا بھی انہی ضرورتوں کو پورا کرنے کیلئے ہو۔ مثلاً کوئی دینی ضرورت ہو یا کوئی دنیوی حاجت ہو جیسے کسی قریبی محرم رشتہ دار سے ملنا یا اسکی عیادت مقصود ہو، یا مجبوری اور ضرورت کے وقت کمانے کیلئے نکلنا ہو یا علاج کی غرض سے ڈاکٹر

کے پاس جانا ہو یا بازار جانے کی حاجت ہو۔ البتہ بلاوجہ گھر سے باہر نکلنے اور اسکی عادت ڈالنے سے بچے، بالخصوص موجودہ پرفتن دَور میں اور بھی زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔

مذکورہ بالا شرائط کی رعایت کرتے ہوئے اگر عورت بوقتِ ضرورت گاڑی چلائے تو جائز ہے۔(ماخذہٗ التبویب:۳۲/۳۶۶)